ڈسٹرکٹ پولیس آفس/ شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(817)

25-12-2022

**بہاول پور() ایڈیشنل انسپکٹر جنرل پولیس جنوبی پنجاب کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی زیر نگرانی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مہم میں بہاولپور پولیس کی منشیات فروشوں اور اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گذشتہ 03 روز میں کریک ڈاؤن، متعدد ملزمان گرفتار، قبضہ سے 03 کلو سے زائد چرس و400 گرام آئس اور 741 لیٹر دیسی شراب معہ 05 عدد چالو بھٹیاں ، 04 عدد پسٹل 30 بور، 01 عدد رپیٹر 12 بور، 01 عدد ریوالور 32 بور، 01 عدد کلاشنکوف اور 01 عدد رائفل برآمد ،مقدمات درج، دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے ایسی مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں، تاکہ معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کیا جاسکے۔ ڈی پی او عبادت نثار۔**

تفصیلات کے مطابق ایڈیشنل انسپکٹر جنرل پولیس جنوبی پنجاب کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مہم پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی سربراہی میں اور تمام ایس ڈی پی اوز کی زیرنگرانی تمام ایس ایچ اوز نے ضلع بہاولپور میں منشیات اور شراب فروشوں کے خلاف گرینڈ کریک ڈان جاری۔ بہاول پور پولیس جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔تھانہ کوتوالی ، چنی گوٹھ اور نوشہرہ جدید پولیس نے منشیات فروش کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ملزمان کو گرفتار کر کے قبضہ سے 03 کلو200 گرام چرس و400 گرام آئس برآمد کر لی۔تھانہ کینٹ ، کوتوالی ،صدر بہاولپور، سمہ سٹہ، سٹی احمد پور، چنی گوٹھ، عباسنگر ، مسافر خانہ ، ہیڈ راجکاں ، خیر پور ٹامیوالی ، دھوڑ کوٹ ، خیر پور ٹامیوالی، سٹی حاصلپور اور صدر حاصلپور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے متعدد ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 741 لیٹر دیسی شراب معہ 05 عدد چالو بھٹیاں برآمد کر لی۔ تھانہ کوتوالی ، سمہ سٹہ، دھوڑ کوٹ ، سٹی یزمان، ڈیراور اور نوشہرہ جدید پولیس نے اسلحہ نا جائز رکھنے والوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے متعدد ملزمان کو گرفتار کر کے قبضہ سے 04 عدد پسٹل 30 بور، 01 رپیٹر 12 بور ,01 عدد ریوالور 32 بور، 01 عدد کلاشنکوف اور 01 عدد رائفل برآمد کر کے گرفتار کر لیا۔ متعلقہ پولیس نے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے، ڈی پی او نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھتے ہوئے مزید بڑی کارروائیاں کریں تاکہ بہاول پور منشیات جیسی لعنت سے پاک کیا جاسکے۔ کسی مشکوک سرگرمی کی صورت میں پولیس ہیلپ لائن 15 پر کال کر کے اطلاع دیں اور ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مہم میں منشیات فروشوں اور اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گذشتہ 03 روز میں کریک ڈاؤن متعدد ملزمان گرفتار

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(818)

25-12-2022

# بہاول پور()ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کا کرسمس تہوار کے حوالے ضلع کے چرچ ہائے کا وزٹ، سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا، دوران ڈیوٹی سستی ولاپرواہی ہرگز برداشت نہیں، مسیحی برادری کی عبادت گاہوں اوران کی جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانا ہماری اولین ذمہ داری ہے،ڈی پی او۔

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب، ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کی فول پروف سیکیورٹی کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او عبادت نثار نے کرسمس تہوار کے حوالے سے ضلع کے مختلف چرچ ہائے کا وزٹ کیا اور سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا، جس میں سٹی سرکل کا "A" کیٹگری کا سینٹ ڈومینک چرچ ماڈل ٹاؤن اے علاقہ تھانہ کینٹ بھی شامل ہے۔ڈی پی او کو چرچز کی سیکیورٹی کے حوالے سے متعلقہ افسران نے بریفنگ بھی دیں۔ڈی پی او نے افسران سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کرسمس تہوار کے حوالے سے سیکیورٹی کے انتظامات مکمل کر کے سیکیورٹی پلان جاری کیا جا چکا ہے۔کرسمس تہوار کے حوالے سے ضلع بھر میں 44 پروگرامز کا انعقاد کیا گیا، جن پر ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز سمیت 01 ہزار سے زائد پولیس افسرن واہلکاران نے اپنے فرائض سرانجام دیئے۔ چرچ ہائے کے ساتھ چھتوں پر بھی سنائپرز تعینات کیے گئے ہیں۔ڈی پی او نے چرچ ہائے کی ڈیوٹی پر مامور افسران واہلکاران کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی ڈیوٹی الرٹ ہو کر سرانجام دیں، چرچ ہائے میں داخل ہونے والوں کی ایس او پی کے مطابق تلاشی لی گئی جبکہ اقلیتوں کی عبادت گاہوں پر سیکیورٹی کے سخت انتظامات کے حوالے سے واک تھرو گیٹ، میٹل ڈیٹیکٹر اور بیریئرز کی فراہمی کو یقینی بنایا گیا۔دوران ڈیوٹی سستی ولاپرواہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔مسیحی برادری کی عبادت گاہوں اوران کی جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانا ترجیح ہے۔ایلیٹ فورس، ڈولفن اسکواڈ، محافظ اسکواڈ اور پولیس موبائلز کی پیٹرولنگ بھی کی جا رہی ہے۔ 25 دسمبر کو عام تعطیل اور کرسمس تہوار کے پیش نظر تفریحی مقامات چڑیا گھر نیشنل پارک لال سوہانرا، SS ورلڈ اور دیگر پبلک مقامات پر سیکیورٹی کے انتظامات کیے گیے ہیں۔کسی بھی ایمرجنسی صورتحال کے پیش نظر ڈی پی او آفس میں کنٹرول روم قائم کیا گیا ہے، ٹیلی فون نمبر 062-9250363 اور ریسکیو 15 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کا کرسمس تہوار کے حوالے ضلع کے چرچ ہائے کا وزٹ، سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(819)

25-12-2022

**بہاول پور()ڈسٹرکٹ پولیس آفیسرعبادت نثار کی زیرنگرانی بہاولپور پولیس نے اگست 2022 میں کم عمر 02 بچوں سے ساتھ زیادتی کی کوشش کرنے میں ملوث ملزم کو بہترین تفتیش کے باعث کیفر کردار تک پہنچایا، بھاولپور پولیس کی شب وروز کی محنت اور میرٹ پر تفتیش کی بدولت عدالت میں ٹرائل کے بعد ملزم کو14 سال عمرقید کی سزا۔دستیاب وسائل اور جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کارلاتے ہوئے میرٹ پر تفتیش جاری رکھی جائیں،تاکہ معاشرے کوایسے عناصر سے پاک کیا جاسکے۔ڈی پی اوعبادت نثار۔**

بہاول پور(        )تفصیل کے مطابق بھاولپور پولیس نے میرٹ پر اندراج مقدمات اور تکمیل تفتیش کی بدولت متعدد ملزمان کو کیفرکردارتک پہنچایا۔تفتیشی آفیسر سب انسپکٹر محمد الیاس کی کامیاب تفتیش کی بدولت ملزمان کو قانون رائج الوقت کے مطابق سزائیں دلوائی گئیں۔مقدمہ نمبر405/22 زیر دفعہ 377B تھانہ صدر حاصلپور میں درج تھا۔جس کا ٹرائل عدالت میں چلتا رہااور عدالت نے فیصلہ سناتے ہوئے ملزم عمر حیات کو10 لاکھ روپے جرمانہ اور14 سال قید کی سزا سنادیا۔مقدمہ کی تفتیش کے بعد پتہ چلا کہ ملزم عمر حیات نے دوکم بچے عبدالوہاب بعمری 07 سالہ اور عبدالزہاب بعمری 05 سالہ کے ساتھ زیادتی کی کوشش کی تھی۔جس کا ٹرائل عدالت میں چلتا رہااور عدالت نے فیصلہ سناتے ہوئے ملزم عمر حیات کو14 سال قید سزا اور10 لاکھ روپے جرمانے کا حکم سنادیا۔اس ضمن میں ڈی پی اوعبادت نثار نے کہا کہ جرائم کی سرکوبی اور جرائم پیشہ عناصر کو کیفرکردار تک پہنچانے کے لئے ہم میرٹ پر مقدمات کا اندراج اور تکمیل تفتیش یقینی بنارہے ہیں۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاول پور پولیس نے اگست 2022 میں کم عمر 02 بچوں سے ساتھ زیادتی کی کوشش کرنے میں ملوث ملزم کو بہترین تفتیش کے باعث کیفر کردار تک پہنچایا